**پریس ریلیز**

**ریزرو بینک آف انڈیا**

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای۔میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، ،سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون: 0502 2266 22 91 فیکس: 22660358 22 91

13 ستمبر 2019

# ریزرو بینک آف انڈیا نے محمد آباد شہری پیو پلس کو آپریٹیو بینک لمیٹڈ، محمد آباد پر مالی پابندی عائد کی

ریزرو بینک آف انڈیا (آر بی آئی) ایسے آرڈر مورخہ 11، ستمبر 2019 کے ذریعہ محمد آباد شہری پیلو پلس کو آپریٹیو بینک لمیٹڈ پر محمد آباد پر قرض کی منظوری اور ڈائریکٹروں کو ایڈوانس اور کے وائی سی ضابطہ/اے ایم ایل معیارات میں آر بی آئی کے ذریعہ جاری کردہ ہدایات پر عمل آوری نہ کرنے کے پاداش میں روپئے 2 لاکھ کا مالی جرمانہ عائد کیا ہے۔

جرمانہ کا نفاذ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 56 اور سیکشن (4) 46 جس میں سیکشن (c) (i) 47A کو شامل کرکے پڑھا جائے، کے ذریعہ حاصل کردہ اختیارات کا استعمال کرکے کیا گیا ہے کیونکہ بینک نے آر بی آئی کے ذریعہ جاری کردہ مذکورہ بالا ہدایات پر عمل نہیں کیا۔

## پس منظر

آر بی آئی کو موصول کردہ شکایت کی بنیاد پر کتابوں اور اکاؤنٹس کی جانچ آر بی آئی کے ذریعہ کی گئی، جس میں پایا گیا کہ بینک نے قرض کی منظوری اور ڈائریکٹروں کے ایڈوانس اور کے وائی سی ضابطہ/آئی ایم ایل معیارات میں ہدایات پر عمل نہیں کیا۔ بینک کے ایک نوٹس جاری کیا گیا کہ کیوں نہ آر بی آئی کے ذریعہ جاری کردہ ہدایات پر عمل نہ کرنے کی پاداش میں اس پر جرمانہ عائد کیا جائے۔

بینک کے جواب پر غور کرنے کے بعد، ذاتی سماعت کے دوران زبانی جواب اور ذاتی سماعت کے بعد بینک کے ذریعہ جمع اضافی جواب کے بعد آر بی آئی اس نتیجہ پر پہنچا کہ آر بی آئی کی ہدایات پر عمل نہ کرنے کا الزام درست ہے اور نتیجہ میں اس کے اوپر مالی جرمانہ عائد کیا گیا۔

**یوگیش دیال**
چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز: 2019-2020/699